# مسعود ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

## اطلاع سالانہ اجلاس عام

ممبران کو اطلاع دی جاتی ہے کہ مسعود ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے عام حصص داران کا 33 واں سالانہ اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع یونیورسل ہاؤس، 17/1 نیو سول لائنز، بلال روڈ، فیصل آباد میں مورخہ 31 اکتوبر 2017ء، بروز منگل بوقت گیارہ بجے صبح مندرجہ ذیل امور کی معاملت کے لئے منعقد ہوگا۔

1۔ گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 31 اکتوبر 2016ء کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ مالی سال مختتمہ 30 جون 2017ء کی بابت کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات اور رپورٹس کی وصولی، غور اور ان کی قبولیت۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق کیش ڈیویڈنڈ بشرح 17.50 فیصد (1.75 روپے فی عام شیئر) کی منظوری۔

4۔ 30 جون 2018ء کو ختم ہونے والے رواں مالی سال کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کے تعین کیلئے منظوری۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز ریاض احمد اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس فیصل آباد ریٹائرڈ ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی دوبارہ تقرری کے لئے پیش کش کی ہے۔ جس کے لئے وہ مطلوبہ اہلیت کے حامل ہیں۔

5۔ اجلاس میں دیگر کاروباری امور پر صاحب صدر کی اجازت سے کارروائی۔

حسب الحکم بورڈ

فیصل آباد: 6 اکتوبر 2017ء

(کمپنی سیکرٹری)

**نوٹ:** 1۔ عام شیئرز کے لئے کمپنی کی منتقلی حصص کی کتابیں 29 اکتوبر تا 5 نومبر 2017ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ Physical Transfer/ CDS Transaction ۔ فزیکل منتقلیاں / سی ڈی ایس (CDS) لین دین کی آئی ڈیز (Ids) ہمارے رجسٹرڈ آفس یا کمپنی کے رجسٹرار کو 28 اکتوبر 2017ء کو کاروبار بند ہونے تک درست وصول ہونے والی منتقلیاں بروقت تصور ہوں گی۔

2۔ کمپنی کے ترجیحی شیئرز کے لئے کمپنی کی منتقلی حصص کی کتابیں 29 اکتوبر تا 5 نومبر 2017ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ ترجیحی حصص پر منافع کے تعین کے لئے چھ مہینے کا کائبر (KIBOR)+200bps سالانہ (بحساب 0.81 روپے فی شیئر) کی اوسط سے واجب ہے کی اہلیت کے تعین کے لئے بند رہیں گی۔ فزیکل منتقلیاں/CDS کے لین دین کی IDs ہمارے رجسٹرڈ آفس یا ہمارے رجسٹرار کو 28 اکتوبر 2017ء کو کاروبار بند ہونے تک درست وصول ہونے والی منتقلیاں بروقت تصور ہوں گی۔

3۔ اجلاس میں شمولیت اور ووٹ کا اہل حصہ دار شرکت اور ووٹ دینے کی غرض سے اپنی بجائے کسی دوسرے ممبر کو اپنی پراکسی (نائب) مقرر کر سکتا ہے۔ دستاویز جس کے تحت ایک پراکسی اور مختار نامے کا تقرر کیا گیا یا دیگر اختیار جس کے تحت اسے دستخط کیا گیا یا نوٹری کی مختار نامہ کی تصدیق شدہ کاپی جس پر ضروری ٹکٹ، دستخط اور گواہی ہو کم از کم اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازماً وصول ہو جانی چاہئیں۔ ترجیحی حصص داران اجلاس میں شرکت کے اہل نہیں کیونکہ ترجیحی حصص ووٹ کا اختیار نہیں رکھتے۔

5۔ فنانس ایکٹ مجریہ 2017ء کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے، کمپنی انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کی دفعہ 150 کے تحت اختیار رکھتی ہے کہ وہ فائلر سے بشرح 15 فیصد اور نان فائلر سے بشرح 20 فیصد انکم ٹیکس منہا کرے۔ برائے مہربانی جب تک ڈیویڈنڈ کی ترسیل سے قبل ایف بی آر FBR کی ویب سائٹ سے حیثیت کا تعین نہیں ہو جاتا، اس وقت تک بغیر قومی شناختی کارڈ کے ان کو نان فائلر تصور کیا جائیگا۔

6۔ حصص داران سے التماس ہے کہ اگر ان کے پتہ میں کوئی تبدیلی ہوئی ہو تو فی الفور اطلاع دیں۔ مزید برآں زکوٰۃ کٹوتی سے مستثنیٰ کے دعویدار حصص ہمارے شیئرز رجسٹرار کے پاس اقرار نامہ داخل کریں۔ مزید براں ایسے حصہ داران جنہوں نے اپنے قومی شناختی کارڈ (NIC) ابھی تک کمپنی کے پاس جمع نہیں کروائے ان سے دوبارہ گزارش ہے کہ وہ مصدقہ کاپیاں ارسال کریں بصورت دیگر ان کے ڈیویڈنڈ مکمل معلومات نہ ہونے کی وجہ سے روک لئے جائیں گے۔

7۔ حصص داران کو ان کے بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) جس میں اکاؤنٹ کا عنوان بشمول بینک کوڈ، برانچ کا نام اور پتہ فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ کمپنی الیکٹرانک موڈ کے ذریعے نقد ڈیویڈنڈ براہ راست حصص داران کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرانے کی پابند ہے۔